ماڈیول ۱۳

حدیث نمبر21

ایمان اور استقامت

حضرت سفیان بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا:

"مجھے اسلام کے متعلق ایک ایسی بات بتائیے جو مختصر بھی ہو اور میں اس کے لیے کسی سے سوال نہ کروں۔"

نبی ﷺ نے فرمایا: "کہو، اللہ پر ایمان لایا، پھر اس پر استقامت اختیار کرو۔"

سفیان بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

حضرت سفیان رضی اللہ عنہ طائف کے رہنے والے اور بنو ثقیف قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں طائف کے زکوٰۃ کے معاملات کا ذمہ دار بنایا تھا۔

اس حدیث میں نبی ﷺ نے اسلام کا اصل مقصد اور راستہ صرف دو جملوں میں سمجھایا ہے: اللہ پر ایمان لانا اور استقامت اختیار کرنا۔ استقامت کا مطلب ہے زندگی کے ہر پہلو میں شریعت پر عمل کرنا اور سیدھے راستے پر قائم رہنا۔ قرآن کریم میں استقامت اختیار کرنے والوں کے لیے تین عظیم انعامات کا ذکر ہے کہ فرشتے ان پر اترتے ہیں اور انہیں تسلی دیتے ہیں: "نہ تمہیں کوئی خوف ہو گا نہ غم۔"، جنت کی بشارت دی جاتی ہے اور دنیا اور آخرت میں اللہ ان کا مددگار ہوتا ہے۔

عمل کا تقاضا

استقامت اختیار کرنے کے لیے ضروری ہے کہ زبان سے کلمہ توحید کا اقرار اور دل سے تصدیق ہو، ہر عمل میں اللہ کی رضا تلاش کی جائے، نیکی اور عبادت میں پابندی ہو، اللہ کا زیادہ ذکر کیا جائے اور اپنے نفس کا محاسبہ کیا جائے۔

حدیث نمبر22

جنت میں داخل ہونے کے اسباب

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ سے سوال کیا:

"اگر میں فرض نماز ادا کروں، رمضان کے روزے رکھوں، حلال کو حلال اور حرام کو حرام سمجھوں، اور اس پر کچھ اور اضافہ نہ کروں، تو کیا میں جنت میں داخل ہو جاؤں گا؟"

نبی ﷺ نے فرمایا: "**ہاں۔**"

حضرت جابر بن عبداللہ کا تعارف

حضرت جابر رضی اللہ عنہ ایک مشہور صحابی اور انصار کے خزرج قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ نبی ﷺ کے قریبی صحابی اور مدینہ کے رہنے والے تھے۔

اس حدیث میں نبی ﷺ نے اسلام کے بنیادی فرائض اور عبادات کا ذکر کیا، جو جنت میں داخل ہونے کے لیے کافی ہیں کہ دن کی پانچ نماز وقت پر اور خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کرنا، رمضان کے روزے رکھنا اور صرف کھانا پینا چھوڑنے کے علاوہ غلط اور حرام باتوں سے بھی پرہیز کرنا اور حلال اور حرام کی پہچان: جو اللہ نے حلال قرار دیا، اسے اپنانا اور حرام سے بچنا۔

یہ اعمال اصل میں انسانی جذبہ اور نیت پر مبنی ہیں۔ اس میں ایک اہم پیغام یہ ہے کہ فرض اعمال کو وقت پر ادا کرنا اور اپنے دین کو سمجھنا انسانی زندگی کا مقصد ہے۔ نبی ﷺ نے فرض اعمال کا ذکر کیا، لیکن سنت اور نفل عبادات کا اہم مقام بھی ہے، جو فرض اعمال میں کمی کو پورا کرتے ہیں۔

Hadith Number 21

Iman Aur Isteqamat

Hazrat Sufyan bin Abdullah رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke unhone Nabi ﷺ se arz kiya: “Mujhe Islam ke mutaliq ek aisi baat bataiye jo mukhtasir bhi ho aur mai uske liye kisi se sawal na karoon.” Nabi ﷺ ne farmaya: “Kaho, Allah par imaan laya, phir is par isteqamat ikhtiyar karo.”

Sufyan Bin Abdullah رضی اللہ عنہ Ka Mukhtasir Taaruf

Hazrat Sufyan رضی اللہ عنہ Taif ke rehnay wale aur Banu Saqeef qabile se talluq rakhte the. Hazrat Umar رضی اللہ عنہ ne inhein Taif ke zakat ka zimmedar banaya tha.

Is hadith mein Nabi ﷺ ne Islam ka asal maqsad aur raste ko sirf do jumlo mein samjhaya hai: Allah par imaan lana aur isteqamat ikhtiyar karna. Isteqamat ka matlab hai zindagi ke har pehlu mein shari'at par amal karna aur seedha raste par qayam rehna. Quran kareem mein isteqamat ikhtiyar karne walon ke liye teen azeem inaam ka zikr hai kay farishte un par utarte hain aur unhein tasalli dete hain: “Na tumhein koi khauf hoga na gham.”,Jannat ki basharat de jati hai aur duniya aur aakhirat mein Allah unka madadgar hai.

Amal Ka Taqaza

Isteqamat ikhtiyar karne ke liye zaroori hai ke Zaban se kalima-e-tauheed ka iqrar aur dil se tasdeeq ho,har amal mein Allah ki raza talash ki jaye, naiki aur ibadat mein pabandi aur Allah ka zyada zikr kiya jaye aur apne nafs ka muhasiba kiya jaye.

Hadith Number 22

Jannat Mein Dakhil Hone Ke Asbab

Hazrat Jabir bin Abdullah رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke ek shakhs ne Nabi ﷺ se sawal kiya: “Agar mai farz namaz ada karoon, ramadan ke roze rakhon, halal ko halal aur haram ko haram samjhoon, aur is par kuch aur izafa na karoon, to kya mai jannat mein dakhil ho jaunga?” Nabi ﷺ ne farmaya: “Haan.”

Hazrat Jabir Bin Abdullah Ka Taaruf

Hazrat Jabir رضی اللہ عنہ ek mashhoor sahabi aur ansar ke khazraj qabile se talluq rakhte the. Yeh Nabi ﷺ ke qareebi sahabi aur madina ke rehne wale the.

Is hadith mein Nabi ﷺ ne Islam ke bunyadi faraiz aur ibadat ka zikr kiya, jo jannat mein dakhil hone ke liye kafi hain kay din ki paanch namaz waqt par aur khushu o khuzu ke sath ada karna, ramadan ke roze rakhe aur sirf khana peena chhodne ke ilawa, ghalat aur haram baaton se bhi parhez karna aur halal aur haram ki pehchan- Jo Allah ne halal karar diya, usko apnana aur haram se bachna.

Yeh amal asal mein insani jazba aur niyat par mabni hain. Is mein ek aham paigham yeh hai ke farz amal ko waqt par ada karna aur apne deen ko samajhna insani zindagi ka maqsad hai. Nabi ﷺ ne farz amal ka zikr kiya, lekin sunnat aur nafl ibadat ka ahem maqam bhi hai, jo farz amal mein kami ko poora karte hain.